نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں کپاس کی اوسط پیداوار گزشتہ سال کے مقابلہ میں 48.1فیصد زیادہ رہی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 29 ستمبر 2023:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کراپ رپورٹنگ سروس کے تخمینہ کے مطابق صوبہ پنجاب میں اب تک کپاس کی 33 لاکھ 66ہزار گانٹھوں کا حصول کیا جا چکا ہے جو گزشتہ مالی سال کے اس عرصہ میں 64.4 فیصد زائد ہے۔مالی سال 23-2022 کے دوران کپاس کی گانٹھوں کی یہ تعداد 20 لاکھ 47 ہزار تھی۔اب تک کپاس کے ٹینڈے کا اوسط وزن میں 13.1 فیصد اضافہ کے ساتھ 2.93 گرام ریکارڈ کیا گیا ہے جو پچھلے سال 2.59 گرام تھا۔**ترجمان نے مزید کہا کہ رپورٹ کے مطابق صوبہ پنجاب میں تا حال کپاس کی اوسط پیداوار گزشتہ سال کے مقابلہ میں 48.1 فیصد زیادہ رہی**۔کپاس کی اوسط پیداوار اب تک 11.76 من فی ایکڑ ہے جبکہ گزشتہ سال 7.94 من فی ایکڑ تھی

☆☆☆☆